# گھر پر توانائی بچانا

## • درست روشنیاں منتخب کرنا • آسانی سے قابل عمل مشورے



آپ کی خدمت میں پیش کردہ، از

EVERSOURCE ENERGY · Columbia Gas of Massachusetts (A NiSource Company) · Cape Light Compact · BLACKSTONE GAS COMPANY · BERKSHIRE GAS · Unitil energy for life · nationalgrid HERE WITH YOU. HERE FOR YOU. · Liberty Utilities

مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں MassSave.com

mass save
Savings through energy efficiency

# توانائی بچانے کے مشورے

## روشنی

- جب آپ کسی کمرے سے نکل جائیں یا روشنی کی ضرورت نہ ہو، تو لائٹ بند کر دیں۔
- روشنی کے لیے لائیٹ ایمٹنگ ڈائیوڈز (ایل ای ڈیز) بلب استعمال کریں۔

## اپلائنسز اور الیکٹرانکس

- مختلف اقسام کی الیکٹرانکس اور اپلائنسز، جیسا کہ لائیٹ بلبز، ڈی ہیومڈیفائر، چھت والے پنکھے، ٹی ویز، ڈی وی ڈی پلیئرز/ریکارڈرز، ہوم اسٹیریو ، کارڈ لیس فونز، ڈش واشر، کپڑے دھونے اور سکھانے کی مشینیں، ریفرجریٹرز اور فریزرز خریدتے وقت ان پر ®ENERGY STAR کا لیبل دیکھیں۔ ENERGY STAR لیبل آپ کو بتاتا ہے کہ یہ پراڈکٹ مارکیٹ میں موجود بہترین مصنوعات میں سے ایک ہے۔ اس سے روزانہ آپ کے پیسوں کی بچت ہو گی!

### واشر اور ڈرائیر

- کپڑوں کو زیادہ گرم پانی کی بجائے ٹھنڈے یا نیم گرم پانی سے دھوئیں اور ٹھنڈے پانی سے نچوڑ لیں۔ کپڑوں کو جس پانی میں نچوڑا جاتا ہے، اس کے درجہ حرارت کا صفائی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس کے علاوہ، بھاری کپڑوں (جیسا کہ تولیے اور کمبل) کو اگر آپ کی مشین ایسا کر سکتی ہے، تو دو مرتبہ مشین میں گھمائیں۔ اس سے زیادہ پانی نکل جائے گا اور سکھانے کا وقت کم ہو جائے گا۔
- جب بھی ممکن ہو کپڑے دھونے اور سکھانے کی مشینوں کو جہاں تک گنجائش ہو، بھر دیں۔ اگر آپ کو کم کپڑے دھونے ہوں، تو ہر مرتبہ کے کپڑوں کے لیے انفرادی طور پر پانی کا درست درجہ استعمال کریں۔
- جب آپ ڈرائیر استعمال کرتے ہیں، تو ہر مرتبہ لِنٹ فلٹر کو صاف کرنا یقینی بنائیں۔

### ڈش واشر

- یقینی بنائیں کہ ڈش واشر بھرا ہوا ہو، مگر گنجائش سے زیادہ نہیں ہے۔ دھونے کا وہ سب سے چھوٹا چکر استعمال کریں، جس میں آپ کے برتن اچھی طرح صاف ہو جائیں۔ ڈیٹرجنٹ کی سفارش کردہ مقدار کا استعمال یقینی بنائیں۔
- اپنے ڈش واشر میں سکھانے کا چکر بند کر دیں؛ اس کا دروازہ کھولیں اور چینی اور سلور کے برتنوں کو ہوا سے سوکھنے دیں۔
- جب ہاتھ سے برتن دھو رہے ہوں، تو سنک کو پانی سے بھر لیں اور ایک اسٹاپر استعمال کریں۔ برتنوں کو چلتے ہوئے گرم پانی سے دھونے یا صابن اتارنے کی بجائے ایک بڑے برتن کو بھر لیں۔

### ریفریجریٹر

- آپ کے فریج کے لیے سفارش کردہ درجہ حرارت 38° فارن ہائیٹ سے لے کر 40° فارن ہائیٹ ہے۔ ضرورت سے زیادہ ٹھنڈا نہ کریں!

### اوون اور رینج

- پانی ابالنے کے لیے برتن پر ڈھکن رکھیں۔ پانی جلدی ابلتا ہے اور آپ کم توانائی استعمال کریں گے۔
- جب بھی ممکن ہو، کھانوں کو آہستہ کوکر، بجلی پر چلنے والے فرائنگ پین، ٹوسٹر اوون یا مائیکرو ویو میں پکائیں۔
- جمے ہوئے گوشت کو پکانے سے پہلے ریفرجریٹر میں پوری طرح پگھلنے دیں۔

## گرم اور ٹھنڈا کرنا

- سخت گرمی کے مہینوں کے دوران، غیر ضروری گرمی اور دھوپ سے بچنے کے لیے غیر موصل پردے اور شیڈز وغیرہ بند کر دیں۔ سردی کے موسم میں، پردے اور شیڈز وغیرہ کھول لیں تاکہ دھوپ کی گرمی اندر آ سکے! ابر آلود موسم میں، پردوں اور شیڈز وغیرہ کو بند کر دیں تاکہ حرارت ضائع نہ ہو۔
- ہیٹنگ اور ریڈی ایٹرز کے والوز کو ان جگہوں سے بند کر دیں جہاں استعمال نہ ہو رہے ہوں۔ یقینی بنائیں کہ پردے اور شیڈز وغیرہ ہوا کی آمد و رفت میں رکاوٹ نہ ڈالیں۔
- جہاں تک ممکن ہو، دروازے اور کھڑکیاں بند رکھیں۔ ان میں نہ استعمال ہونے والے نجی دروازے اور کمرے شامل ہیں۔
- جہاں تک ممکن ہو، ایئرکنڈیشنر کی بجائے پنکھے استعمال کریں۔
- ہیٹنگ کے بیرونی ایگزاسٹ کے سامنے سے برف صاف کریں۔
- اپنی انگیٹھی/بوائلر کو ہر سال چیک اور صاف کروائیں۔
- ہیٹنگ سسٹم کے فلٹروں کو باقاعدگی سے تبدیل کریں۔

## پانی

- شیو کرنے یا دانت صاف کرنے کے دوران نلکوں کو بند رکھ کر پانی کا خرچ بچائیں۔
- گرم پانی کے زیادہ تر ہیٹروں کا درجہ حرارت فیکٹری سے 140° پر سیٹ ہوتا ہے، جو آپ کی ضرورت سے کافی زیادہ ہے۔ اس کو 120° پر دوبارہ سیٹ کر لیں۔
- باتھ ٹب کی بجائے شاور کریں۔ تین منٹ کے شاور پر باتھ ٹب کا تقریبا آدھا پانی استعمال ہوتا ہے، جس سے گرم پانی کی آپ کی ضرورت کم ہو جاتی ہے۔

## مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں
## MassSave.com

Cape Light Compact · BLACKSTONE GAS COMPANY · BERKSHIRE GAS · Liberty Utilities · EVERSOURCE ENERGY · Columbia Gas of Massachusetts (A NiSource Company) · Unitil energy for life · nationalgrid HERE WITH YOU. HERE FOR YOU.

mass save
Savings through energy efficiency

# مجھے بلب خریدنا ہے...

اپنے گھر کے لیے بلب خریدتے وقت درست انتخاب میں آپ کی مدد کے لیے پیش خدمت ہے ایک آسان رہنماء۔

## چمکیلے بلبوں اور ایل ای ڈیز میں کیا فرق ہوتا ہے؟

## آگے چل کر ہر ایک پر مجھے کتنا خرچ اٹھانا پڑے گا؟

| |  |  |
|---|---|---|
| بلب کی قسم | چمکیلے | ایل ای ڈی |
| پاور استعمال شدہ (واٹس) | 60 | 12.5 - 8 |
| روشنی کی مقدار (لیومنز) | 800 | 800 |
| لائف ٹائم(گھنٹے) | 1,000 | 20,000 - 15,000 |
| سالانہ استعمال خرچ* | 12.61 $ | 1.89 $ |
| لائف ٹائم سیونگ** | 0 $ | 230 $ - 130 $ |

## مجھے کتنی روشنی کی ضرورت ہے؟

لیومنز آپ کو بتاتی ہے کہ کوئی بلب کتنا روشن ہو گا. درج ذیل چارٹ کو یہ تعین کرنے کے لیے استعمال کریں ENERGY STAR® کا تصدیق شدہ کون سا لائیٹ بلب آپ کو آپ کے حالیہ چمکیلے بلبوں جتنی روشنی مہیا کرے گا.

| کم از کم روشنی کی مقدار (لیومنز) | چمکیلے بلب (واٹس) | ایل ای ڈیز (واٹس) |
|---|---|---|
| 450 | 40 | 9 - 6 |
| 800 | 60 | 12.5 - 8 |
| 1,100 | 75 | 15 - 13 |
| 1,600 | 100 | 20 - 16 |
| 2,600 | 150 | 28 - 25 |

*روزانہ استعمال کے 3.2 گھنٹے فرض کریں جس کا خرچ $0.18 فی kWh ** ہے، تو لائف سیونگز کا حساب ایل ای ڈی کی زندگی کے مطابق لگایا جائے گا

## مجھے کیسے معلوم ہو کہ میں نے اعلیٰ معیار کا بلب خریدا ہے؟

جن مصنوعات کو ENERGY STAR® کا لیبل فراہم کیا گیا ہے، وہ مصنوعات ایک خودمختار ٹیسٹنگ نظام کی جانچ اور تصدیق کے ذریعے کارکردگی کے معیارات پر پوری اترتی ہیں۔ انوائرنمینٹل پروٹیکشن ایجنسی نے جانچ کے لیے خصوصیات اور رہنماء ہدایات کا تعین کیا ہوا ہے۔ ENERGY STARکی تصدیق شدہ مصنوعات میں صارفین کے استعمال کی الیکٹرانکس، اپلائنسز، ٹھنڈا اور گرم کرنے کے آلات، پانی کے ہیٹرز اور عمارتی مصنوعات شامل ہیں۔ اپنی زیر غور مصنوعات پر ENERGY STAR لیبل دیکھیں۔

ENERGY STAR

## لائیٹ بلب کی پیکنگ پر موجود معلومات کا کیا مطلب ہے؟




**ENERGY STAR کا لوگو** - نشاندہی کرتا ہے کہ کون سی ایل ای ڈیز بچت، زندگی اور معیار کے حوالے سے ENERGY STAR کے تقاضوں پر پورا اترتی ہیں۔

**عمر** - اندازہ فراہم کرتی ہے کہ بلب کتنے سال چلے گا۔ لمبی عمر والے بلب آپ کو کثرت سے بلب تبدیل کرنے کی پریشانی سے بچاتے ہیں۔

**روشنی کی وضع** - آپ کو روشنی کے شیڈ کے بارے میں بتاتا ہے۔ چمکیلے بلب تیز سفید روشنی پیدا کرتے ہیں، جو 2,700 اور 3,000 کیلون کے درمیان ہوتی ہے۔ ہلکی یا زیادہ نیلی روشنی پیدا کرنے والے بلبوں کی ریٹنگ زیادہ ہو گی، جیسا کہ 3,500 - 6,500 کیلون۔

**استعمال ہونے والی توانائی (واٹس)**- بلب کے توانائی کے استعمال کو ناپتا ہے، نہ کہ چمک کو۔




روشنی اور روشنی کی مصنوعات سے متعلق مزید معلومات کے لیے **energystar.gov** اور بجلی کے سامان کی مقامی ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

# مگر بلبوں کی کئی اقسام ہیں



**اے کی شکل کا**
ٹیبل اور آویزاں لیمپس



**گلوب**
وینیٹی اسٹرپس اور آویزاں لیمپس




**کینڈل**
کینڈلیئرز اور سجاوٹ کی روشنیاں



**سیلاب**
سفری کین اور سیکورٹی کی روشنیاں

## درست رنگ کا انتخاب کرنا

ENERGY STAR® بلبوں میں آپ کے پاس سفید روشنی منتخب کرنے کے انتخابات موجود ہوتے ہیں۔ روشنی کے رنگ کو کیلون اسکیل (K) سے ناپا جاتا ہے۔ جیسا کہ آپ ذیل میں ملاحظہ کر سکتے ہیں کہ چھوٹے عدد کا مطلب ہے روشنی زردی مائل ہو گی جبکہ بڑے عدد سے مراد ہے کہ روشنی زیادہ سفید یا نیلی ہو گی۔



**تیز سفید**
**درمیانہ سفید**

چمکیلے بلبوں کا معیاری رنگ۔


**2700 کیلون - 3000 کیلون**



**ہلکا سفید،**
**قدرتی سفید**

باورچی خانوں اور کام کی جگہوں کے لیے اچھا ہے۔

**3500 کیلون - 4100 کیلون**




**قدرتی**
**یا دن کی روشنی**

مطالعہ کے لیے اچھا ہے۔ (دوپہر کے وقت نیلے آسمانی رنگ کے بارے میں سوچیں)



**5000 کیلون - 6500 کیلون**

## لیومنز (چمک)

لیومنز آپ کو بتاتی ہے کہ کوئی بلب کتنا روشن ہو گا. لیومنز زیادہ ہونے سے مراد ہے کہ زیادہ روشن ہو گا. مثال کے طور پر: اگر 60 واٹ کے روایتی چمکیلے بلب کو تبدیل کرنا ہو، تو ایسا بلب تلاش کریں جو 800 لیومنز کی روشنی دیتا ہو.




## درست ایل ای ڈی بلب ڈھونڈنا بہت آسان ہے

| |  |  |  |  |  |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایل ای ڈیز | میز/فرشی لیمپس | لٹکنے والا نصب شدہ | سیلنگ نصب شدہ | سیلنگ پنکھے | دیوار پر لگی روشنی | طاق کینز | ٹریک روشنی | بیرونی ڈھانپی گئی | بیرونی روشنی |
| عمومی روشنی |  |  |  |  |  | | |  | |
| عاکس | | | | | |  |  | |  |

ڈِمر: ENERGY STAR کے کسی ایسے تصدیق شدپ بلب کی تلاش کریں جس پر "مدہم ہونے کے قابل" لکھا ہو۔
تھری وے ساکٹ: ENERGY STAR کے کسی ایسے تصدیق شدپ بلب کی تلاش کریں جس پر "-3وے" لکھا ہو۔
الیکٹرانی کنٹرول: اپنے فوٹو سیل، موشن سینسر یا ٹائمر کے تیار کنندہ سے بجلی کی بچت والی روشنیوں کے ساتھ مطابقت کے بارے میں معلوم کریں۔